SCAN TO VERIFY
LAW DEPARTMENT
GOVERNMENT OF SINDH
www.sindhlaws.gov.pk

سندھ ایکٹ نمبرXVIII مجریہ ۲۰۱۴

SINDH ACT NO.XVIII OF 2014

سندھ مکانی حکومت (ترمیم)ایکٹ، ۲۰۱۴

THE SINDH LOCAL GOVERNMENT (AMENDMENT) ACT, 2014

فہرست (CONTENTS)

تمہید (Preamble)

دفعات (Sections)

1. مختصر عنوان اور شروعات
2. حکم نامہ XV مجریہ ۲۰۱۳ کی منسوخی
3. سندھ ایکٹ نمبر XLII مجریہ ۲۰۱۳ کی دفعہ ۲ میں ترمیم
4. سندھ ایکٹ نمبر XLII مجریہ ۲۰۱۳ کی دفعہ ۱۰ میں ترمیم
5. سندھ ایکٹ نمبر XLII مجریہ ۲۰۱۳ کی دفعہ ۱۱ میں ترمیم
6. سندھ ایکٹ نمبر XLII مجریہ ۲۰۱۳ کی دفعہ ۱۸ میں ترمیم
7. سندھ ایکٹ نمبر XLII مجریہ ۲۰۱۳ میں دفعہ A-۱۸ کا اضافہ
8. سندھ ایکٹ نمبر XLII مجریہ ۲۰۱۳ میں دفعہ A-۳۱ کا اضافہ
9. سندھ ایکٹ نمبر XLII مجریہ ۲۰۱۳ کی دفعہ ۳۲ میں ترمیم
10. سندھ ایکٹ نمبر XLII مجریہ ۲۰۱۳ کی دفعہ ۳۹ میں ترمیم

سندھ ایکٹ نمبرXVIII مجریہ ۲۰۱۴

SINDH ACT NO.XVIII OF 2014

سندھ مکانی حکومت (ترمیم) ایکٹ، ۲۰۱۴

THE SINDH LOCAL GOVERNMENT (AMENDMENT) ACT, 2014

[۲۸ اکتوبر ۲۰۱۴]

سندھ مکانی حکومت ایکٹ کو تبدیلی والا ایکٹ

تمہید (Preamble)

جیسا کہ مناسب سمجھا گیا ہے کہ سندھ مکانی حکومت ایکٹ ۲۰۱۳ کو مندرجہ ذیل طریقے سے تبدیل کیا جائے۔

اس لئے اس طرح تبدیل کیا جاتا ہے۔

مختصر عنوان اور شروعات

۱۔(۱) اس ایکٹ کو سندھ مکانی حکومت (ترمیم) ایکٹ مجریہ ۲۰۱۴ کہا جائے گا۔

(۲) یہ فی الفور عمل میں لایا جائے گا۔

حکم نامہ XV مجریہ ۲۰۱۳ کی منسوخی

۲۔ سندھ مکانی حکومت (تیسری ترمیم) آرڈیننس، ۲۰۱۳ (Ordinance No.XV of 2013) منسوخ ہو جائے گا۔

سندھ ایکٹ نمبر XLII مجریہ ۲۰۱۳ کی دفعہ ۲ میں ترمیم

۳۔ سندھ مکانی حکومت ایکٹ مجریہ ۲۰۱۳ کی دفعہ ۲ میں شق نمبر (li) کے بعد میں یہ اضافہ کیا جائے گا۔

"(li-a) "سیاسی جماعت" کا مطلب ہوگا شہریوں کی ایسی جماعت یا ان جماعتوں کا ایسا ہم خیال گروپ جو تبلیغ کی خاطر یا سیاسی رائے پر اثر انداز ہونے والے کے لئیے بنائی جائے یا منتخب پبلک آفس میمبر شپ یا قانون ساز ادارے یا کسی کائونسل کے لئے انتخابات میں حصہ لے۔"

سندھ ایکٹ نمبر XLII مجریہ ۲۰۱۳ کی دفعہ ۱۰ میں ترمیم

۴۔ تبدیل ہونے والے ایکٹ کی دفعہ ۱۰ میں۔

(i) حاشیے میں دیے گئے نوٹ "یونین کائونسلز کی حدبندیاں" لفظ حاشیے میں دیئے گئے نوٹ "نئی یونین کائونسل یا یونین کامیٹیوں بنانے" کو متبادل کیا جائے گا۔

(ii) ذیلی دفعہ (۱) میں "یونین کائونسل" کے بعد "یونین کمیٹی" لفظ کا اضافہ کیا جائے گا۔

(iii) ذیلی دفعہ (۲) کی شق (a)، (b) اور (c) میں لفظ "یونین کائونسل" کے بعد لفظ "یا یونین کمیٹی" شامل کئے جائیں گے۔

سندھ ایکٹ نمبر XLII مجریہ ۲۰۱۳ کی دفعہ ۱۱ میں ترمیم

۵۔ تبدیل کئے گئے ایکٹ میں سے دفعہ ۱۱ کو شامل نہیں کیا جائے گا۔

سندھ ایکٹ نمبر XLII مجریہ ۲۰۱۳ کی دفعہ ۱۲ میں ترمیم

٦۔ تبدلیل کئے گئے ایکٹ کی دفعہ ۱۸ میں ذیلی دفعہ (۱۰) اور اس کے پہلوئوں کو نکالا جائے گا۔

سندھ ایکٹ نمبر XLII مجریہ ۲۰۱۳ میں دفعہ A-۱۸ کا اضافہ

۷۔ تبدیل کئے گئے ایکٹ کی دفعہ ۱۸ کے بعد اس میں اس طرح اضافہ کیا جائے گا۔

"18-A۔ (۱) یونین کائونسل اور یونین کامیٹی کے علاوہ کسی کائونسل کے لئے، کسان یا مزدور اور غیر مسلم کے لئے مخصوص نشستوں کے لئے، انتخابات میں حصہ لینے والی سیاسی پارٹیاں کمیشن کی طرف سے مقرر کی گئی مدت کے اندر اپنے امیدواروں کے نامینیشن پیپر پر کرے گی، اس کے لئے عورت، کسان، مزدور اور غیر مسلم کے لئے مخصوص کی گئی نشستوں کو اولیت کی بنیاد پر اپنے امیدواروں کی فہرست بنا کر ڈسٹرکٹ رٹرننگ آفیسر کو پیش کرے گی۔ جو ان مقرر کی گئی مخصوص نشستوں کے لئے بطور رٹرننگ آفیسر کے فرائض کو سرانجام دے گا۔

(۲) ایسی فہرستیں اس ایکٹ کی ذیلی دفعہ (۱) کے تحت رٹرننگ آفیسر کو پیش کی جائیں گی، یہ عوام کی معلومات کے لئے بڑے پیمانے پر شائع کرائی جائیں گی۔

(۳)سیاسی پارٹیاں عورت، کسان یا مزدور اور غیر مسلم کی نشستوں کے امیدواروں کی فہرستیں، جن کا حوالہ اس ایکٹ کی ذیلی دفعہ (۱) میں آیا ہے، اس میں پارٹیان اپنی مرضی سے امیدواروں کے جتنے نام چاہے دے سکتی ہیں اور اگر نامینیشن پیپرز کی جانچ پڑتال کے بعد کوئی نااہل ہو جائے تو اولیت کی بنیاد پر دوسرے نمبر والے پیپر کو جانچا جاسکے، تاکہ اگر کائونسل کی سیٹ خالی ہو جائے تو اس کے لئے کسی دوسرے امیدوار کا نام دیا جاسکے۔

(۴)اگر موت، استعیفیٰ یا میمبر کے نااہل ہونے کے سبب عورت، کسان، یا مزدور اور غعر مسلم والی مخصوص نشست خالی ہو جائے تو وہ سیاسی پارٹیوں کی طرف سے پیش کی گئی امیدواروں کی فہرست میں سے دوسرے نمبر والے امیدوار میں سے پر کی جائے گی تاکہ وہ نامینیشن کو پر کر کے انتخاب لڑ سکے۔ یہ فہرست اس ایکٹ کی ذیلی دفعہ (۱) کے تحت پہلے ہی رٹرننگ آفسر کو پیش کی جاچکی ہو گی۔

(۵)عورت، کسان، مزدور اور غیر مسلم کے لئے مخصوص نشست کے لئے کھڑے ہونے والا ہر امیدوار اپنا نامینیشن پیپر اور دوسرے متعلقہ دستاویزات کمیشن کی چرف سے مقرر کردہ رٹرننگ آفیسر کو پیش کرے گا، جو کہ مندرجہ ذیل ہوں گے۔

(الف)سیاسی پارٹیوں کی طرف جاری کردہ امیدواروں کے ناموں کی فہرست۔

(ب) امیدوار طور کھڑے ہونا، قاعدے قوانین کے (Declaration) اور بیانات (Statements)

(ت) قاعدے قوانین کے مطابق نامینیشن پیپر کو پر کرنے کے لئے مطلوبہ فی

۸۔ تبدیل ہونے والے ایکٹ کے چیپٹر V میں دفعہ ۳۲ سے پہلے نئے دفعہ 31-A کو شامل کیا جائے گا:

سندھ ایکٹ نمبر XLII مجریہ ۲۰۱۳ میں دفعہ A-۳۱ کا اضافہ

"31-A (۱) مکانی حکومت کے انتخابات کے لئے الیکشن کمیشن طے شدہ طریقے

سے یونین کائونسلز، یونین کامیٹیز، میونسپل کامیٹیز، ٹائون کامیٹیز اور کارپوریشنز کی حدود مقرر کرے گی۔

(۲) شہری ایراضی میں حدود مقرر کرنے کے لئے، جیسا مناسب ہو، آدم شماری کے بلاک یا اس کے قریبی آدم شماری والے بلاک کو ملایا جائے گا۔

(۳) یونین کائونسل، یونین کامیٹی وارڈز کی حدبندی کے لئے، جیسا مناسب ہو گا تمام دیھ یا اس کا حصہ آدم شماری کے بلاک یا قریب والے گائوں یا آدم شماری والے بلاکس کو ملایا جائے گا۔

سندھ ایکٹ نمبر XLII مجریہ ۲۰۱۳ کی دفعہ ۳۲ میں اضافہ

۹۔ تبدیل کئے گئے ایکٹ کی دفعہ ۳۲ میں۔

(۱) شق (b) میں "گورنمینٹ" لفظ کے بجائے "الیکشن کمیشن" تبدیل کیا جائے گا۔

(۲) شق نمبر (b) اور (c) میں "یونین کائونسلز" کے لفظ کے بعد "یونین کامیٹیز" کا لفظ شامل کیا جائے گا۔

سندھ ایکٹ نمبر XLII مجریہ ۲۰۱۳ کی دفعہ ۳۹ میں ترمیم

۱۰۔ تبدیلی لائے گئے ایکٹ کی دفعہ ۳۶ میں ذیلی دفعہ (۱) کے بعد یہ اضافہ کیا جائے گا:-

(الف) الیکشن کمیشن دیکھے گی کہ اس ایکٹ کی ذیلی دفعہ (۱) کی خلاف ورزی کر رہا ہے تو اسے چار سالوں تک کائونسل کے انتخابات کے لئے امیدوار ہونے کے لئے نااہل ہو جائے گا۔

(ب) جسے کسی کائونسل کے میمبر کے طور منتخب کیا گیا ہے، یا کسی کائونسل کے پہلے سے منتخب میمبر ہے، پر الیکشن کمیشن اس کو اس ایکٹ کی ذیلی دفعہ (۱) کی خلاف ورزی کرتے ہوئے دیکھتی ہے تو وہ منتخب ہو کر آنے والے یا اس پہلے منتخب شدہ میمبر ۴ سالوں تک امیدوار و کی حیثیت میں نااہل ہو جائے گا۔

۱۱۔ تبدیلی لائے گئے ایکٹ کی دفعہ ۳۹ کی ذیلی دفعہ (۳) میں "کائونسلز" کے لفظ

"متعلقہ کائونسل" سے تبدیل کیا جائے گا۔

نوٹ:-ایکٹ کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لیئے ہے جسے کورٹ میں استعمال نہیں کیا جاسکتا۔